84

آیت نمبر 94

آیات نمبر 94 تا 100 میں تاکید کہ جب کسی علاقہ پر حملہ کے لئے نکلو تو پہلے تحقیق کر لو کہ یہاں مسلمان تو موجود نہیں ہیں۔ جہاد میں شامل ہونے والوں کے درجات ان لوگوں سے بہت زیادہ ہیں جو بغیر کسی شرعی عذر کے جہاد میں شامل نہیں ہوئے۔ اُس خاص وقت میں بغیر کسی عذر کے مدینہ ہجرت نہ کرنے والوں کا ٹھکانہ جہنم قرار پایا، ہجرت کرنے والوں کے لئے دنیا اور آخرت میں بڑا اجر ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے نکلو تو ہر بات کی تحقیق کر لیا کرو اور کسی ایسے شخص سے جو تمہیں سلام کرے یہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں ہے یہ ایک ایسے واقعہ کا پس منظر ہے جب ایک غزوہ کے دوران ایک شخص نے کچھ صحابہ کو سلام کیا لیکن انہوں نے یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ کافر ہے اور جان بچانے کے لئے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر رہا ہے، اسے قتل کر دیا تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿٩٤﴾ اگر تم دنیا کی زندگی کا سامان چاہتے ہو تو یقین رکھو کہ اللہ کے پاس تمہارے لئے بہت سے اَموالِ غنیمت ہیں، آخر تم بھی تو پہلے اُن جیسے ہی تھے پھر اللہ نے تم پر احسان کیا، اسلئے ہر ایک کے بارے میں اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، بیشک تم جو کچھ بھی کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ

الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَ الْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ
اَنْفُسِهِمْ ؕ مسلمانوں میں سے جو لوگ جہاد میں شامل نہیں ہوتے اور بغیر کسی
شرعی عذر کے گھروں میں بیٹھے رہتے ہیں، ان کی حیثیت اُن مجاہدین کے برابر نہیں ہو
سکتی جو اللہ کی راہ میں اپنے جان و مال سے جہاد کرتے ہیں فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ
بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ اللہ نے ان مجاہدین کو جو اپنی
جان اور اپنے مال سے جہاد میں مشغول رہتے ہیں، گھر میں بیٹھنے والوں پر درجہ کے
اعتبار سے بڑی فضیلت اور بزرگی عطا کی ہے وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَ فَضَّلَ
اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿۹۵﴾ اگرچہ اللہ نے دونوں ہی
سے بھلائی کا وعدہ فرمایا ہے لیکن اللہ نے مجاہدین کو گھر میں بیٹھنے والوں پر زبردست
اجر و ثواب کی فضیلت دی ہے دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَ مَغْفِرَةً وَّ رَحْمَةً ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ ع ان کے لئے اللہ کی طرف سے بڑے درجات ہیں اور مغفرت
اور رحمت ہے، اور اللہ بہت معاف کرنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے رکوع [۱۳]
اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ
بیشک فرشتے جب ان لوگوں کی روح قبض کرتے ہیں جو ہجرت نہ کرکے اپنے حق میں
بُرا کر رہے ہیں، تو وہ فرشتے ان سے پوچھتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے؟ قَالُوْا
كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم اس سرزمین میں
کمزور و بے بس تھے قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِیْرًا ﴿۹۷﴾ فرشتے جواب میں کہتے ہیں
کہ کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں کہیں اور ہجرت کر جاتے، سو ایسے
لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ جہنم بہت ہی برا ٹھکانا ہے اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ
الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ حِیْلَةً وَّ لَا یَهْتَدُوْنَ
سَبِیْلًا ﴿۹۸﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا
غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾ ہاں مگر وہ مرد اور عورتیں اور بچے جو واقعی ایسے بے بس ہوں کہ نہ تو وہ
ہجرت کے لئے کوئی تدبیر کر سکتے ہوں اور نہ وہاں سے نکلنے کا کوئی راستہ جانتے ہوں تو
ایسے لوگوں کے بارے میں امید کی جا سکتی ہے کہ اللہ ان سے درگزر فرمائے گا، اور
اللہ بہت معاف فرمانے والا اور درگزر کرنے والا ہے وَ مَنْ یُّهَاجِرْ فِیْ سَبِیْلِ
اللّٰهِ یَجِدْ فِی الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِیْرًا وَّ سَعَةً ؕ اور جو کوئی اللہ کی راہ میں
ہجرت کرے گا تو وہ زمین کو پناہ کے لئے بہت وسیع پائے گا اور روزی میں کشادگی
پائے گا وَ مَنْ یَّخْرُجْ مِنْۢ بَیْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ یُدْرِكْهُ
الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۰۰﴾ اور جو
شخص بھی اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہجرت کے لئے نکلا،
پھر اسے راستے میں ہی موت آجائے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے واجب ہو گیا، اور اللہ
بڑی بخشش کرنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے رکوع [۱۴]

[# 84]

Verses 94 to 100 emphasize the importance of verifying information before launching an attack on a particular group or region. It highlights that those who participate in Jihad earn higher ranks than those who stay behind without a valid excuse. Those who do not migrate to Medina [At That specific time] without a lawful reason are [hypocrites and are] condemned to Hell.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ
فَتَبَيَّنُوۡا وَلَا تَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ اَلۡقٰٓى اِلَيۡكُمُ السَّلٰمَ لَسۡتَ
مُؤۡمِنًاۚ

O you who believe, when you set out [to fight] in the cause of Allah, be careful; and [without verifying] do not say to anyone, who greets you with peace, 'You are not a believer. '

This refers to an incident during a military expedition (ghazwah) where a person greeted the companions of the Prophet Muhammad (peace be upon him) during a pause in the conflict. However, the companions, under the assumption that the person might be pretending to be a Muslim to save himself, ended up killing him.

تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ
كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ
فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿٩٤﴾

If you seek the goods of this world, [then be assured that] Allah has bounties in plenty [to grant you]. [Recall that] you yourselves were [exactly] like this before [Islam came to you], and then Allah favored you. Therefore, always investigate [in such matters]. Surely, whatever you do, Allah is well aware of it.

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَ
الْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ؕ

Those among the believers who sit back [at their home], except those who are disabled, are not equal to those [Mujahidin], who fight in the way of Allah with their wealth and their lives.

فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ عَلَى
الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ

Allah has raised the rank of those, who strive with their wealth and their lives, above those who stay behind.

وَ كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰىؕ وَ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى
الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًاۙ﴿۹۵﴾

Allah has promised goodness for both. Yet Allah has given precedence and promise of a magnificent reward to those who fight, over those who stay at home.

دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَ مَغْفِرَةً وَّ رَحْمَةًؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا۠﴿۹۶﴾ ركوع [۱۳]

For them, there are higher ranks, forgiveness, and mercy. Indeed, Allah is always Forgiving and Merciful.

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓـئِكَةُ ظَالِمِىْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ

Certainly, when the angels take the souls of those who wronged themselves, saying, "In what condition were you?

قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ

[They say] We were oppressed [and helpless] in the earth.

قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓـئِكَ مَاْوٰٮهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۙ﴿۹۷﴾

The angels respond, "Was Allah's earth not vast enough for you to emigrate therein?" For such people, their abode shall be Hell, and what an evil destination it is!

اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ
لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿٩٨﴾ فَاُولٰٓئِكَ
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿٩٩﴾

Except for those men, women, and children who are truly helpless, and cannot plan for migration, neither do they know any way [to escape from there]. It is these, whom Allah may pardon. Indeed, Allah is extremely forgiving, always pardoning.

وَ مَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا
كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ

And whoever emigrates for the cause of Allah will find on the earth many places of refuge and abundance [in provision].

وَ مَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ
يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۟ ع۱۰۰ رکوع [۱۴]

And whoever leaves his home, migrating to Allah and His Messenger, and then death overtakes him, surely, his reward is due with Allah. Indeed, Allah is Most-Forgiving, Most-Merciful at all times.